المنار



بسم اللہ الرحمن الرحیم

روشنی اور بلندی کا نشان

المنار

جلد (۴)، شمارہ (۲)،

تعلیم الاسلام کالج لاہور

فروری ۱۹۵۴ء
۱۳۳۳ ہش

نگران
شیخ محبوب عالم خالد
بی۔اے (آنرز) ایم۔اے

مدیر اعلیٰ
مطیع اللہ درد
نائبین:۔ سمیع اللہ قریشی
سعد اللہ درانی

فہرست

عنوان	مضمون نگار	صفحہ
اداریہ	م۔د۔د	۲
طلبہ سے خطاب	حضرت مرزا بشیر الدین محمود احمد ایدہ اللہ	۳
ایک درخشاں باب	قائدِ اعظم	۴
الجھنیں	مطیع اللہ درد	۵
نذرِ غالب	قاصد ظریف	۶
عینک کے بغیر	سمیع اللہ قریشی	۷
واردات	"	۹
تصوراتِ محمود	محمود شیرانی	"
احساسِ معیت	مطیع اللہ درد	۱۰
یہ انسان کہاں ہیں؟	محمد زکریا طاہر	۱۱
گل	سجاد ظہیر سید	"
گل و خار	جمیل احمد خاں	۱۲
سچے مسلمان کیلئے غیرت کا مقام	حضرت مرزا بشیر الدین محمود احمد ایدہ اللہ	۱۳
دیکھتا چلا گیا	تکلفی	۱۴
حالی ایک نقاد کی حیثیت سے	جنید ہاشمی بی۔اے	۱۵
چند لمحے ٹیپو سلطان کے مزار پر	عبدالباسط وحید	۱۶

پبلشر جنید ہاشمی نے لائن پریس لاہور میں چھپوا کر شائع کیا۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

م - ا - د

اداریہ

پچھلے دنوں کراچی میل کے حادثہ عظیم کی خبر سنکر پاکستان بھر میں رنج والم کی لہر دوڑ گئی - اس خوفناک حادثہ کی وجہ سے بے اندازہ جانیں تلف ہوئیں - جن میں معصوم بچے بوڑھے اور جوان عورتیں اور مرد سبھی شامل تھے۔

پاکستان میں جس تیز رفتاری کے ساتھ اس قسم کے حادثے رونما ہو رہے ہیں وہ ہر ذی شعور محب وطن پاکستانی کو یہ سوچنے پر مجبور کرتے ہیں کہ قوم کا قیمتی خون اس طرح سے کیوں بہہ رہا ہے - جسے ہم نے لاکھوں بہو بیٹیوں کی عزت کی بھینٹ چڑھا کر لاکھوں افراد کا خون بہا کر ہر قسم کی قربانی دے کر بچایا تھا - اور پاکستان کی بنیادیں انہیں قربانیوں پر استوار کی تھیں - آج اسی سرزمین میں ہم اپنے گراں بہا خون اور مالی نقصان کو برداشت کرنے پر مجبور و بے بس ہو رہے ہیں۔

ریل گاڑیوں اور ہوائی جہازوں کے پے در پے حادثے آج ساری ملت کو خون کے آنسو رلا رہے ہیں - انہیں حادثوں میں پاکستان کو قیمتی دماغوں سے ہاتھ دھونا پڑے - جانی اور مالی نقصانات برداشت کرنا پڑے - ارباب حل وعقد کا فرض ہے کہ وہ ان کے سدّباب کی طرف توجہ فرمائیں - تاکہ قوم کو اس قسم کے مزید نقصانات کا سامنا نہ کرنا پڑے - قوم کے جان و مال اور عزت کو کسی ایسے وقت کے لئے وقف رہنے دیں جو ملک کے شدید ترین ضرورتوں میں کام آسکے - ملت بلا مقصد اتنا عظیم نقصان فراموش کرنے میں کچھ وقت لے گی۔

آخر میں ادارہ "المنار" اس حادثہ عظیم کے مصیبت زدگان اور ان کے لواحقین سے دلی ہمدردی کا اظہار کرتا ہے اور دست بدعا ہے کہ اللہ تعالےٰ انہیں اپنے قرب میں جگہ دے اور ان کے عزیزوں اور رشتہ داروں کو صبر جمیل عطا فرمائے - آمین ؛

تعلیم الاسلام کالج کے اساتذہ اور طلباء کی طرف سے اس حادثہ کے مصیبت زدگان کی امداد کے لئے گورنر جنرل فنڈ کھولنے کی تجویز پیش کی گئی ہے - اس فنڈ میں اساتذہ اور طلبہ نے فی الحال دو صد روپیہ کی پیش کش کی ہے امید ہے کہ ارباب حل وعقد اور مخیر اصحاب اس کی طرف فوری توجہ فرمائیں گے ؛

انشاء اللہ ؛

پچھلے دنوں تعلیم الاسلام کالج کے مقررین کے ایک وفد نے کوئٹہ میں آل پاکستان لیاقت میموریل مباحثات میں جو نمایاں کامیابی حاصل کی - وہ قابلِ ستائش ہے - انہوں نے انگریزی اور اردو دونوں مباحثات میں ٹرافیاں حاصل کیں - ادارہ "المنار" مقررین کی خدمت میں ہدیۂ تبریک پیش کرتے ہوئے دعاگو ہے کہ اللہ تعالےٰ آئندہ اس سے زیادہ شاندار طریق پر انہیں تعلیم الاسلام کالج کی نیک نامی اور شہرت میں اضافہ کی توفیق عطا فرمائے - آمین ؛

ماہ رواں کا آغاز ہماری مجلس علمی کے زیر اہتمام کل پاکستان بین الکلیاتی تقریری مقابلوں کی گہما گہمی سے ہوا - مقابلے انگریزی اور اردو دونوں زبانوں میں ہوئے جن میں پاکستان بھر کے مختلف کالجوں کے مقررین نے حصہ لیا - جو کوئٹہ - کراچی پشاور - راولپنڈی - سرگودھا - بہاولپور اور لاہور کے مختلف کالجوں سے تشریف لائے تھے - ہمارے کالج کی طرف سے ان تقریری مقابلوں میں بشیر الدین احمد - چوہدری عبدالرحمٰن عبداللہ عثمان عمر اور عبدالوحید سلیم نے حصہ لیا - موضوع کے اعتبار سے تقاریر خاصی دلچسپ اور مدلل تھیں - ڈاکٹر برکت علی قریشی پرنسپل اورینٹل کالج لاہور - مولانا علاؤ الدین صدیقی صدر شعبۂ اسلامیات پنجاب یونیورسٹی اور صوفی بشارت الرحمٰن ایم - اے نے اردو اور ملک عبدالقیوم پرنسپل لاء کالج لاہور - قاضی محمد اسلم وائس پرنسپل گورنمنٹ کالج لاہور اور امریکن انفرمیشن سروس کے ایک آفیسر نے انگریزی مقابلوں میں منصفین کے فرائض انجام دیئے - انگریزی اور اردو دونوں تقریری مقابلوں میں نتیجہ بالترتیب یہ رہا - اول انعام ؛ محمود ملک گورنمنٹ کالج لاہور انگریزی

انگریزی	اول انعام ؛	محمود ملک گورنمنٹ کالج لاہور	
,,	دوم ,, ؛	مس ناہید بشیر گورنمنٹ کالج کوئٹہ	
,,	سوم ,, ؛	محمد انور - ہیلی کالج آف کامرس لاہور	
اُردو	اوّل انعام ؛	لئیق احمد - گورنمنٹ کالج لاہور	
,,	دوم ,, ؛	ظفر احمد - N E D کالج کراچی	

حضرت مرزا بشیر الدین محمود احمد ایدہ اللہ

طلبہ سے خطاب

دنیا کی تاریخ پر نظر ڈالنے سے معلوم ہوتا ہے کہ مختلف ادوار میں بنی نوع انسان کا قدم ترقی کی ایک خاص جہت کی طرف اُٹھا ہے۔ کسی وقت فلسفہ کا دور آیا ہے تو کسی وقت ادب کا۔ کسی وقت اخلاق کا دور آیا ہے تو کسی وقت فنونِ لطیفہ کا۔ کسی وقت قانون سازی کا دور آیا ہے تو کسی وقت تہور و شجاعت کا۔ غرض اچھے انسانی دماغوں میں ہر زمانہ میں ایک ہم آہنگی معلوم ہوتی ہے جس سے معلوم ہوتا ہے کہ عالمِ بالا کی کشش ہر زمانہ کے اعلیٰ دماغوں کو اس زمانہ کے صفاتی دور کی طرف کھینچنے میں لگی رہتی ہے اور اس فن میں انسانی دماغ زیادہ ترقی کر جاتا ہے جس طرح کہ صفاتِ باری اس وقت اشارہ کر رہی ہوتی ہیں۔ قرآن کریم نے اسے "ملاءِ اعلیٰ" کی مشاورت کا نام دیا ہے۔ یہ آسمانی فیصلے جس طرح روحانی امور کے متعلق ہوتے ہیں اسی طرح دنیوی علوم کے متعلق بھی ہوتے ہیں اور وہ دماغ جو اپنا زاویہ صفاتِ باری کے موجودہ زاویہ کے عین مطابق کر دینے میں کامیاب ہو جاتے ہیں اپنے زمانے کے اور اپنے فن کے راہنما بننے میں کامیاب ہو جاتے ہیں اور تاریخ میں ایک نام پیدا کر لیتے ہیں۔

اس کی طرف رسول کریم صلے اللہ علیہ وسلم نے دعائے استخارہ سے اشارہ کیا ہے۔ انسان بے شک اپنی محنت کا پھل کھاتا ہے۔ لیکن بے موسم محنت بھی تو رائیگاں جاتی ہے۔ شاید ہر غلّہ سال کے ہر حصہ میں بویا جا سکتا ہے۔ اور کچھ نہ کچھ روئیدگی بھی اس سے حاصل کی جا سکتی ہے۔ لیکن وہ غلّہ جو اپنے موسم میں بویا جاتا ہے اس کی کیفیت ہی اور ہوتی ہے۔ اسی طرح شائد ہر غلّہ ہر ملک میں بویا جا سکتا ہے لیکن وہ غلّہ جو اس ملک میں بویا جاتا ہے جس کی زمین کو اس غلّہ سے مناسبت ہے اس کی کیفیت ہی اور ہوتی ہے۔ ہر انسان کے لئے ہر علم کا حاصل ہونا اور ہر قسم کا کام کرنا ممکن ہے لیکن ہر فن میں اس کا صاحبِ کمال ہونا ضروری نہیں۔ اس کے دماغ کی مخفی قابلیتوں کو اللہ تعالیٰ ہی جانتا ہے۔ وہی جانتا ہے کہ مختلف مفید علوم میں سے کونسا علم اور مختلف مفید کاموں میں سے کونسا کام اس کی طاقتوں کو مدِّنظر رکھتے ہوئے اور اس کے زمانہ اور اس کے ملک اور اس کی قوم کی ضرورتوں کو مدِّنظر رکھتے ہوئے اس کے لئے مناسب ہے۔ پس فرمایا۔ کہ خواہ اچھے سے اچھا کام ہو اس کے شروع کرنے سے پہلے اللہ تعالیٰ سے دُعا کر لیا کرو جس کے الفاظ آپ نے یہ تجویز فرمائے ہیں:۔

اللّٰھم انی استخیرك بعلمك واستقدرك بقدرتك واسئلك من فضلك العظیم فانك تقدر ولا اقدر وتعلم ولا اعلم وانت علّام الغیوب اللّٰھم ان کنت تعلم ان ھٰذا الامر خیر لی فی دینی ومعاشی وعاقبة امری فاقدرہ لی ویسّرہ لی ثمّ بارك لی فیہ۔ اللّٰھم ان کنت تعلم ان ھذا الامر شرّ لی فی دینی ومعاشی وعاقبة امری فاصرفہ عنی واصرفنی عنہ واقدر لی الخیر حیث کان ثمّ ارضنی بہ۔

یعنی اے میرے ربّ! جو کام میں کرنے لگا ہوں یا جو علم میں حاصل کرنے لگا ہوں یا جو ذمہ داری میں اٹھانے لگا ہوں اسکے بارہ میں تجھ سے جو میری مخفی طاقتوں سے بھی واقف ہے۔ اپنے زمانہ کے مآل کے متعلق ارادوں سے بھی واقف ہے اور میری ذاتی خاندانی قومی ملکی اور عالمگیری ضرورتوں اور ذمہ داریوں سے بھی واقف ہے ربّ بہتر فیصلہ طلب کرتا ہوں۔ اور پھر تجھ سے یہ بھی درخواست کرتا ہوں کہ اس فیصلہ کے مطابق مجھے کام کرنے کی تجھ سے توفیق اور امداد حاصل ہو۔ اور تیسری بات تجھ سے یہ طلب کرتا ہوں کہ جو بات میرے لئے مناسب ہو اور جس کی طرف تو میری راہنمائی کرے اور جس کے حاصل کرنے کے لئے تو میری مدد کرے اس کام یا اس ذمہ داری کے ادا کرنے میں تیرا انتہائی فضل مجھ پر نازل ہو۔ اور میں اس کام میں ادنیٰ مقام حاصل نہ کروں بلکہ مجھے اس کام میں اعلیٰ مقام حاصل ہو۔ میں تجھ سے یونہی اور

بلاوجہ یہ درخواست نہیں کرتا۔ بلکہ اس وجہ سے درخواست کرتا ہوں کہ مجھے یقین ہے کہ جن امور کے پورا کرنے کی مجھے طاقت نہیں بخشے ہے۔ اور جن مخفی باتوں کا مجھے علم نہیں بخشے ہے۔ پس اے خدا! اگر تیرے علم میں وہ کام جو میں کرنا چاہتا ہوں میرے لئے اچھا ہے میری دینی ضرورتوں کے لحاظ سے بھی اور میری دنیوی ضرورتوں کے لحاظ سے بھی اور اس لحاظ سے بھی کہ جو طاقت اور محنت میں اس کام میں خرچ کرونگا۔ اس کا نتیجہ مجھے زیادہ سے زیادہ اچھا حاصل ہو سکے گا۔ تو پھر تو تُو اس کام کے کرنے کی مجھے توفیق عطا فرما۔ اور اس کام کو اعلےٰ درجہ کی تکمیل تک پہنچانے کے لئے مجھے سہولت بخش۔ اور اس کے نتائج کو میرے لئے وسیع سے وسیع تر کر۔ اور اگر اس کے برخلاف تیرے علم میں یہ ہو کہ یہ کام میرے لئے مناسب نہیں۔ دین کے لحاظ سے یا دنیا کے لحاظ سے یا اس لحاظ سے کہ میری محنت کے مطابق اس سے نتیجہ پیدا نہ ہوگا۔ تو تو اس کام کے راستہ میں روکیں ڈالدے اور میرے دل میں بھی اس سے بے رغبتی پیدا کردے۔ اور اس کے سوا جس امر میں میرے لئے بہتری ہے اس کے سامان میرے لئے پیدا کردے اور اس کی طرف میری توجہ پھیر دے اور اس کی خواہش میرے دل میں پیدا کردے۔

یہ دعا کتنی کامل ہے۔ اور اس میں کس لطیف پیرایہ سے اس امر کی طرف توجہ دلائی گئی ہے کہ ہر اچھا کام ہر زمانہ اور ہر انسان کے لئے مفید نہیں ہوتا۔ بلکہ اچھے سے اچھا کام بھی بعض زمانوں میں اچھا نہیں رہتا اور اچھے سے اچھا کام بھی بعض قوموں اور بعض افراد کے لئے اچھا نہیں ہوتا۔ پس اپنی محنت کے اعلیٰ سے اعلیٰ پھل حاصل کرنے کے لئے انسان کو وہ کام اختیار کرنا چاہیئے جو اس کے لئے اور اس کی قوم کے لئے اور بنی نوع انسان کے لئے اس زمانہ میں مفید ہو اور جسے اعلیٰ طور پر بجا لانے کی اس میں ذاتی قابلیت موجود ہو اگر یہ نہ ہو تو اسے وہ کام یا علم کسی دوسرے بھائی کے لئے چھوڑ دینا چاہیئے۔ اور خود اپنے لئے اپنے مناسب حال کام یا علم تلاش کرنا چاہیئے۔ لیکن چونکہ بنی نوع انسان کی ترقی کا معاملہ انسانی جدّ وجہد اور اس کی دماغی قابلیتوں کے علاوہ خدا تعالےٰ کی صفات کے ظہور کے موجودالوقت مرکز کے ساتھ بھی وابستہ ہے اس لئے اسے کام شروع کرنے یا علم کی تحصیل کی طرف متوجہ ہونے سے پہلے اللہ تعالیٰ سے بھی یہ دُعا کرلینی چاہیئے۔ کہ اس زمانہ کے متعلق جو اس کی تجویز اور اس کا فیصلہ ہے وہ آسے اس کے مطابق عمل کرنے کی توفیق بخشے۔ تاکہ اچھا بیج اچھی زمین میں مناسب موسم میں پڑے۔ تا اعلیٰ سے اعلیٰ کھیتی پیدا ہو۔ اور زیادہ سے زیادہ فائدہ حاصل ہو۔

اقتباس از خطاب بر موقعہ طلبہ تقسیم اسناد
(منعقدہ اپریل ۱۹۵۰ء)

قائد اعظم

ایک اور درخشاں باب

"آپ کو صرف اپنے آباؤ اجداد کی طرح مجاہدانہ جذبہ پیدا کرنے کی ضرورت ہے آپ اس قوم سے تعلق رکھتے ہیں جس کی تاریخ دلاوری۔ شجاعت اور کرداری اوصاف۔ کی مثالوں سے بھری پڑی ہے۔ ان روایات کے مطابق زندگیاں بنائیے۔ اور اس تاریخ میں ایک اور درخشاں باب کا اضافہ کیجیئے۔"

(۳۰ / اکتوبر ۱۹۴۷ء)

الجھنیں

مطیع اللہ ذری

زندگی میں انسان بہت سے حادثات سے دوچار ہوتا ہے۔ بعض اوقات یہ حادثات بڑے ہولناک ثابت ہوتے ہیں اور انسان ان کے اثرات کو دور کرنے کی عرصہ دراز تک کوشش کرتا رہتا ہے تلخ حادثات کے برعکس معمولی اور موافق حادثے جلد ہی ماضی کی دھندوں میں کھو جاتے ہیں لیکن اول الذکر حوادث انسان کے دل پر ایک انمٹ نقش کی طرح ثبت ہو کر کبھی زندگی کو بے کیف و بے مزہ کر دیتے ہیں اکثر ایسا ہوتا ہے کہ انسان ان حادثوں کے چکر سے زندگی بھر نکلنے میں کامیاب نہیں ہوتا۔ اور اپنی الجھنوں کا شکار ہو کر ہمت ہار بیٹھتا ہے۔ ارشد بھی ایک اسی قسم کے حادثے سے زخمی ہوا اور آج تک شفایاب نہیں ہو سکا۔ اپنی تعلیم مکمل کرنے کے بعد ارشد نے ملازمت اختیار کر لی۔ وہ ایک سکول میں مدرس کے طور پر ملازم ہو گیا۔ مگر مدرسی کے پیشے سے اسے سخت نفرت ہے اس کے باوجود وہ اسے چھوڑنے پر تیار نہیں ہیں جب بھی اس سے ملتا ہوں وہ اپنی ملازمت کے دکھڑے بیان کرنا شروع کر دیتا ہے کہ میرا سارا دن طالبعلموں سے مغز کھپانے میں صرف ہو جاتا ہے۔ ایک لمحہ کے لئے بھی ذہنی سکون میسر نہیں آتا۔ میں نے ارشد سے ہمیشہ یہی کہا ہے کہ تم یہ ملازمت چھوڑ دو اور کسی ایسے پیشے کو اختیار کرو جو تمہاری طبیعت کے موافق ہو۔ اگر تم سمجھتے ہو کہ یہ راستہ تمہیں موافق نہیں تو کوئی اور راہ اختیار کر لو۔ جہاں تم کامیاب زندگی بسر کر سکو۔ لیکن ارشد کی حالت عجیب ہے۔ ملازمت سے نفرت، دماغی پریشانی اور مفلسی کا یہ عالم اس پر بھی وہ نیا راستہ اختیار کرنے سے ڈرتا ہے یہ اس کی تنگ نظری، پست ہمتی اور ذہنی جمود کی علامت ہے۔ اس کی بے کیف زندگی کو دیکھ کر میں اکثر سوچنے لگتا ہوں۔ کہ ہر انسان کی زندگی میں ایک ایسا خطرناک لمحہ آتا ہے جب اسے اپنے مستقبل کے بارے میں کسی مخصوص اور کارآمد راستے پر مڑ جانا ہوتا ہے اس موڑ کی ذراسی لغزش انسان کو عمر بھر کے لئے مجبوری اور بیچارگی کی زندگی کی طرف دھکیل سکتی ہے اور اگر یہ موڑ عقلمندی اور دور اندیشی سے طے کر لیا جائے تو انسان آرام و آسائش اور کامیاب زندگی حاصل کرنے میں تضیع اوقات سے بچ جاتا ہے۔ ارشد کی اسی چھوٹی سی لغزش نے آج اس کی زندگی کو اجیرن کر کے اسے ذہنی الجھنوں میں مبتلا کر رکھا ہے۔ ارشد کی بے مزہ زندگی کو دیکھ کر مجھے اکثر یہ خیال آتا ہے کہ ہماری معاشرت کی اکثر خرابیوں کی باعث یہی لغزش تو نہیں؟

اکثر دیکھنے میں آیا ہے کہ لوگ بھیڑ چال کی طرح ایک ہی سمت کو چل پڑتے ہیں۔ اندھا دھند تقلید کی عادت ہمارے ہاں عام پائی جاتی ہے۔ آسان راستہ دیکھ کر لوگوں کا جم غفیر اس طرف کو اُمڈ آتا ہے پھر وہاں اس قدر بھیڑ ہو جاتی ہے کہ ہر شخص خاطر خواہ کامیابی حاصل نہیں کر سکتا۔

ایک راہ پر ہجوم ہونے کے باعث بہت سے امیدوار ناکامی سے دوچار ہو کر قسمت اور مقدر کو کوستے ہیں اپنی غلطی کو قسمت کی آڑ میں چھپا کر اپنی بریت کی ناکام کوشش کرتے ہیں۔ حالانکہ چاہیئے یہ کہ جس طرف لوگوں کی بھیڑ کم ہو اور جس راستہ کو عوام مشکل سمجھتے ہوں آپ اس راستہ پر چل کھڑے ہوں اور ایثار اور قربانی، مستقل مزاجی اور محنت سے اسے طے کریں۔ یقیناً آپ کامیابی کے ساتھ منزلِ مقصود تک پہنچ جائیں گے۔ ضرورت اس امر کی ہے کہ اپنے اختیار کئے ہوئے راستے سے آپ کی طبیعت کی ہم آہنگی اور دلچسپی ہو۔ مقصد اگر ذوق کے مطابق ہو تو انسان بہت سی مشکلات سے چھٹکارا حاصل کر لیتا ہے۔

ہمارے ہاں دیکھنے میں آیا ہے کہ طالب علم کا طبعی میلان تو شاعری یا کسی اور طرف ہے اور والدین اسے سائنس پڑھانے پر مُصر ہیں۔ اب نہ تو طالب علم کامیاب ہوتا ہے اور نہ والدین مطلق ایسی راہوں پر چل کر تضیع اوقات اور نقصان کے سوا کیا حاصل ہو سکتا ہے۔ دراصل ہونا یہ چاہیئے کہ نوجوان کی ابتدائی تعلیم کے بعد اس کی طبیعت کی موزونیت کا اندازہ کر کے اسکے میلانِ طبع کے مطابق راہ کرنے کا اسے موقعہ دیا جائے۔

والدین کا کام نوجوان کو زندگی کے چوراہے پر لا کھڑا کرنا ہے آگے نوجوان کو خود اپنی عقل و دانش سے کام لیکر اپنے لئے

جادۂ حیات منتخب کرنا چاہیئے۔ اگر ایک راستہ اسے منزلِ مقصود تک نہیں لے جاتا تو اسے دوسرا طریق اختیار کرنا چاہیئے۔ ارشد اگر ایک کامیاب مدرس نہیں بن سکا۔ تو یہ اس کے مقدر یا قسمت کا نہیں بلکہ اس کا اپنا قصور ہے۔ کامیابی دوسری راہ پر اس کی منتظر ہے۔ اگر آج بھی وہ پرانی روش کو بدل کر نئی راہ پر چل کھڑا ہو۔ تو وہ یقیناً کامیاب ہو سکتا ہے۔ ایک ایسے راستے سے چمٹے رہنا جو طبیعت کے خلاف ہو کبھی انسان کو سکھ اور چین کا سانس نہ لینے دیگا۔ بلکہ راستہ کی مشکلات اور تکلیفیں اسے زیادہ ڈراؤنی اور مشکل معلوم ہوں گی۔ اس کے برعکس اگر اس کے اختیار کردہ راستے سے دلچسپی اور طبعی میلان کی ہم آہنگی ہو تو رکاوٹیں اور تکلیفیں آسان دکھائی دیتی ہیں۔ اور انسان ہنستا کھیلتا انہیں عبور کرتا چلا جاتا ہے۔

ہمارے معاشرے میں اَن گنت لوگ ایسے ہیں جو اپنی زندگی سے اُکتا چکے ہیں کسی ایسے ہی دل برداشتہ شاعر نے کہا ہے۔ ع

زندگی نام ہے مر مر کے جیئے جانے کا

ہماری قوم کے بیشتر افراد کی زندگیاں محض مشین کے ایک چکر کی طرح چل رہی ہیں۔ بے جان اور افسردہ۔ وہ بمشکل اپنی روٹی کما سکتے ہیں۔ ان کی منزلِ مقصود کوئی ہے ہی نہیں۔ وہ اَن جانی پگڈنڈیوں پر بھٹکتے ہوئے زندگی کا یہ طویل سفر طے کئے جاتے ہیں۔ گویا اپنی زندگی ان کے اختیار میں نہیں۔ بلکہ وہ زندگی کے ہاتھوں بے بس ہیں۔

عام طور پر کسی سے بات کی جائے تو وہ حالات کی شکایت کرتا ہے۔ بہت ممکن ہے حالات بھی انسان کی ناکامی کا باعث ہوں مگر اپنے آپ کو حالات کے دھارے پر بہنے کے لئے چھوڑ دینا کم ہمتی نہیں تو اور کیا ہے۔

اصل میں حیات کے نشیب و فراز کی اہمیت کو نظر انداز کرتے ہوئے جو لوگ سفر کرتے ہیں وہ شاذ و نادر ہی حوادثِ زندگی پر غالب آتے ہیں۔ اکثر یہی دیکھنے میں آتا ہے۔ کہ ایسے لوگ زندگی کے پیچوں ہی میں الجھ کر رہ جاتے ہیں۔ موجودہ دور میں ہر راہ رو منزل ماضی پہ ماتم کناں اور مستقبل سے بے پرواہ حال کی کشمکش میں مبتلا ہے۔

کامیابی کے لئے ضروری ہے کہ انسان کے دل میں حصولِ مقصد کا مضبوط ارادہ اور مستقل مزاجی سے محنت کرنے کا عزم ہو۔ انسانی کردار میں ارادہ کی مضبوطی کامیابی کی ضامن ہے ہماری اکثر و بیشتر کوششیں صرف اس وجہ سے ناکام ہو جاتی ہیں۔ کہ ہم ان کے لئے ابتدا سے اختتام تک ضروری محنت نہیں کرتے اپنی زندگی کی کوششوں اور محنتوں کے ماحصل پر غور و فکر نہیں کرتے۔ اور مناسب تدابیر اور طریقوں کو نہیں اپناتے جو ہمیں مقصدِ حیات تک لے جائیں۔ اس میں شک نہیں کہ محنتی آدمی بھی بعض اوقات ناکام ہو جاتا ہے لیکن اسے کیا ڈر! کیونکہ محنتی انسان ناکامیوں کے سائے میں نئے نئے تجربات حاصل کرتا ہوا زیادہ سمجھدار اور تجربہ کار ہوتا چلا جاتا ہے۔ آخر ایک دن وہ اپنے گوہرِ مقصود کو حاصل کر لیتا ہے۔ حقیقت میں مستقل مزاجوں کی شکستیں منزلِ مقصود تک پہنچنے کے لئے راستے میں مختلف قیام گاہیں ہیں۔ جہاں وہ کچھ دقفے کے لئے ستانے کے بعد منزل کی جانب چل پڑتے ہیں۔

قاصد ظریف

نذرِ غالب

مانا کہ تیری یاد تو دل سے اُتر گئی
تسکینِ اضطراب کی صورت مگر گئی

کیا جانے کیا سُنا کے نسیمِ سحر گئی
پھولوں کی آنکھ اشکِ ندامت سے بھر گئی

دل کو بنا کے خوگرِ لطفِ جمالِ دوست
وہ چشمِ التفات نہ جانے کدھر گئی

تم تھے تو گھر تھا رونقِ صد حسن و کائنات
تم کیا گئے کہ رونقِ دیوار و در گئی

قاصد اٹھی چمن سے جو موجِ ہوائے گل
اہلِ جنوں کو اور بھی دیوانہ کر گئی

سمیع اللہ قریشی

عینک کے بغیر

جی عینک کے بغیر یہ خاکسار کچھ بھی نہیں۔ ابھی چہرے سے ہٹاتی تو دنیا اندھیر ہو گئی۔ ابھی ناک پر جاتی تو چودہ طبق روشن ہو گئے۔ بس یوں سمجھئے کہ اب تو عینک بھی جیسے جسم کا ایک حصہ اور لازمی جزو بن چکی ہے۔ کیا عرض کروں۔ پچھلے دنوں یونہی عینک صاف کرتے ہوئے اچانک اس کی ایک کمانی ٹوٹ گئی۔ کمانی کیا ٹوٹی قسمت پھوٹ گئی اور مصیبتوں کے پہاڑ ٹوٹ پڑے۔ بھلا ایک کمانی کے بغیر عینک ناک کے بانسے پر کیوں کر ٹکنے لگی۔ ہولے سے لگاتی اور ذرا جو ادھر منہ پھیرا تو عینک کو جیسے زلزلہ آ گیا ہو۔ ایسے موقعوں پر عموماً ایک ہاتھ سے عینک سنبھالنا پڑتی۔ اور دایاں ہاتھ تو اس بات کا منتظر رہنے لگا۔ کہ کب عینک گرے اور میں اسے اس اقدامِ خودکشی سے روکوں۔

ایک روز کی بات ہے میں ایک ہاتھ کان پر رکھے عینک سنبھال رہا تھا اور دوسرے ہاتھ میں شاید کوئی چیز اٹھا رکھی تھی، کہ ایک بزرگوار . . . . . . میرے قریب آ کر ہولے سے فرمانے لگے! "میاں! کوئی تکلیف ہے کیا کان میں"؟ میں نے حیران ہو کر کہا۔ "نہیں" "کہنے لگے "پھر یہ اپنا کان کیوں دبا رکھا ہے"؟ میں نے ہنس کر اپنی ٹوٹی عینک سے ان کا تعارف کرایا تو کہنے لگے "حد ہو گئی میاں تمہاری عقل کی۔ بھلا اس میں کونسی مشکل ہے کمانی ٹوٹ گئی ہے تو دھاگہ باندھ لو"۔ دراصل اس بات کا مجھے خیال ہی نہ آیا تھا۔ میں تو یہی سمجھے ہوئے تھا کہ اس زہر کا شاید اور کوئی تریاق ہی نہیں۔ سوائے اس کے کہ دو ڈیڑھ روپے کی قربانی کروں۔ جو اس وقت میرے پاس نہیں تھے۔ کہ نئی کمانی لگوا سکوں۔

بہرحال صاحب میں نے ٹوٹی ہوئی کمانی کی جگہ دھاگہ باندھ تو لیا۔ لیکن بعد میں مجھے پتہ چلا کہ ایسا کرنے سے پہلے علم ہندسہ سے واقفیت ازحد ضروری ہے اور میں اس علم میں کورا واقع ہوا ہوں پہلی دفعہ اس نئے تجربہ کو جو آزمایا تو معلوم ہوا۔ کہ دونوں شیشے الگ الگ زاویہ ہائے نگاہ بنا رہے ہیں چاہیئے تو یہ تھا کہ دونوں شیشے خطِ استوا . . . . نہ میرا مطلب ہے خطِ مستقیم پر واقع ہوتے۔ لیکن صورتِ حال یہ تھی۔ کہ ایک شیشہ تو کچھ غنیمت تھا لیکن دوسرا بڑی شد و مد سے خطِ سرطان کو چھونے کے لئے ہاتھ پاؤں مار رہا تھا۔ بڑی کوشش سے دونوں شیشے ایک سیدھ میں لائے گئے لیکن عینک کی حالت پھر بھی زبوں ہی تھی۔

انہی دنوں کی ایک ٹھٹھرتی ہوئی صبح کا ذکر ہے۔ دھوپ سے لطف اندوز ہونے کے لئے ہم چند دوست کالج لان میں بیٹھے ہوئے خوش گپیوں میں مصروف تھے موضوعِ بحث میری ٹوٹی ہوئی کمانی ہی تھی۔ کہ ایک زندہ دل ظالم دبے پاؤں پیچھے سے آئے اور چپکے سے "سیون او کلاک" کے ساتھ کمانی کا بدل کاٹ دیا۔ واقعہ بالکل غیر متوقع تھا۔ اس لئے حادثہ بن کر رہ گیا۔ عینک کٹ سے سامنے پڑی ہوئی اینٹ پر گری اور گرتے ہی شہید ہو گئی۔ فریم درمیان سے ٹوٹ گیا۔ دونوں شیشے کرچی کرچی ہو چکے تھے میں نے بھرائی ہوئی آواز سے اِنَّا لِلّٰہِ وَاِنَّا اِلَیْہِ رَاجِعُوْن پڑھا۔ باقی دوستوں نے کچھ اس انداز سے کلمۂ شہادت پڑھا جیسے کسی لاوارث کے جنازے کو کندھا دے رہے ہوں۔ واقعہ حسرتناک تھا ایک شاعر دوست وحید صاحب تو کچھ اس طرح متأثر ہوئے کہ فی البدیہہ ایک مرثیہ تصنیف فرما دیا۔ فرماتے ہیں:۔

ایک سُرخ عینک — کہ جس کے شیشے
پائے تھے ہم نے — "گاگل" نگر سے
بیٹھے بٹھائے — یوں ٹوٹ جائے
اپنی تو قسمت — ہی پھوٹ جائے
پر تعزیت کو
کوئی نہ آئے

چلئے کمانی ٹوٹ گئی تھی شیشے تو سلامت تھے کام تو کسی نہ کسی طرح نکل ہی رہا تھا۔ لیکن اب تو نہ کمانی تھی نہ شیشے — اس وقت

مجھے اپنی بے کسی پر سخت رونا آیا۔ بارہا جی چاہا کہ سر میں دو ہتڑ مار مار کر عینک کا ماتم کروں لیکن آخر صبر کرتے ہی بنی۔

اور یوں عینک کے داغ مفارقت دے جانے کے بعد جن جن حادثات سے مجھے دوچار ہونا پڑا وہ میں ہی جانتا ہوں۔ پرسوں ذرا لاٹ صاحب کے دفتر تک جانے کے لئے بس کا انتظار کر رہا تھا۔ خدا خدا کر کے بس آئی۔ میں نے اس کا نمبر پڑھنا چاہا لیکن کچھ دکھائی نہ دیتا تھا میں نے بہتیرا دیدے پھاڑ پھاڑ کر دیکھا مگر بے سود۔ ایک دھندلا سا ہندسہ تھا جس پر ایک سے لیکر نو تک مختلف ہندسوں کا دھوکہ ہو رہا تھا۔ سوچا آخر کہیں تو جائے گی ہی نا۔ اس لئے بیٹھ گیا لیکن اگلے ہی موڑ پر جب بس کسی دوسری سڑک کی طرف مڑ گئی تو پتہ چلا کہ یہ تو لنڈے بازار کو جا رہی ہے مجبوراً اترنا پڑا۔ لیکن کنڈکٹر کا یہ فقرہ اب بھی یاد ہے "بس کا نمبر بھی نہ پڑھ سکے تھے"۔

واپسی پر میں نے پیدل ہی چلنا مناسب سمجھا۔ یونہی چلا جا رہا تھا کہ ایک ٹال پگڑی والے نے ٹوکا "بابو جی فٹ پاتھ پر چلئے سڑک پر چلو گے تو کوئی موٹر لاری کچل دے گی۔ اندھے ہو گیا!" گھبرا کر دیکھا تو اپنے آپ کو بیچ سڑک کے ٹہلتے پایا۔ خفت چھپانے کے لئے ناک صاف کرتے ہوئے فٹ پاتھ ڈھونڈا۔ اور گھر پہنچا۔ لیکن راستے میں کئی شریف آدمیوں سے ٹکراتے ٹکراتے بچا۔

کل شام امیرو پان والے کی دوکان پر کھڑا دیہاتی پروگرام سن رہا تھا۔ کہ ایک راہگیر نے وقت پوچھ لیا۔ امیرو کا ٹائم پیس میرے سامنے کوئی ڈھائی گز کے فاصلے پر ہو گا۔ لیکن مجھے اس کے ڈائل کی سفیدی کے سوا کچھ بھی نظر نہ آ رہا تھا۔ قریب سے وقت دیکھنے کے لئے آگے بڑھا تو اپنے ہی کمبل میں پیر جو الجھا اور میں کھٹاک سے سوڈے واٹر کی بوتلوں پر گرا۔ وہی راہگیر بیچارا اٹھانے کو دوڑا۔ دو تین بار شوں شوں کر کے منہ سے کف نکال کر اپنے شدید غم و غصہ کا اظہار کر رہی تھیں۔ پانوں کی تھالی زمین بوس ہو چکی تھی۔ اور امیرو دانتوں تلے انگلی دبائے حیرت سے مجھے دیکھ رہا تھا۔ راہگیر بڑبڑاتا ہوا اپنی راہ ہو لیا۔ شاید کہہ رہا تھا کہ "مجھے وقت کیا بتاؤ گے اپنی ہوش سنبھالو"۔ میں نے سنبھلنے کی کوشش کی تو امیرو زیر لب ہنستے ہوئے کہنے لگا "عینک کب کی ٹوٹ گئی بابو جی" میں کھسیانہ سا ہو کر چلا آیا۔

اترسوں محض عینک کے نہ ہونے کی وجہ سے ایک محترمہ سے ٹکراتے ٹکراتے بچا۔ وہ تو خواہ مخواہ الجھ رہی تھیں۔ میں چندیا کی خیر مناتے ہوئے کھسک آیا۔ کالج میں پروفیسر صاحب نے بلیک بورڈ پر لکھے ہوئے کسی لفظ کا مطلب پوچھا۔ مجھے نظر نہ آ رہا تھا اس لئے "آئی ڈونٹ نو سر" کہکر چپکا ہو رہا۔ ان پر بھی بیڈ امپریشن پڑا ہو گا کہنے لگے "آپ کو اتنے آسان لفظ کے معنے بھی نہیں آتے"۔ شاید انہیں خیال نہیں رہا کہ میری عینک ٹوٹ چکی ہے۔

بہرحال اتنی شکستوں کے بعد میں نے مصمم ارادہ کر لیا۔ کہ خواہ کچھ ہو صبح قرض لیکر بھی نئی عینک لگوا لوں گا۔ کل دوپہر کے وقت نیلے گنبد کے پاس آپ نے مجھے آواز دے کر بلایا۔ تو آپ کو پہچانا اور نہ میں تو چپکے سے آگے نکل چلا تھا۔ آپ نے شاید اسے ناراضگی پر محمول کیا ہو۔ لیکن صاحب دراصل یہ میرا قصور نہ تھا قصور میری آنکھوں کا تھا۔ یا پھر اس لنگڑی عینک کا جو آج چھ روز ہوئے قبرستان میانی کے ایک گوشے میں آرام کی میٹھی نیند سو رہی ہے۔ خدا کسی کی نظر کمزور نہ کرے۔ آپ کی آواز پر قریب پہنچ کر آپ کی صورت پہچانی۔ آپ نے اس بے التفاتی کا گلہ بھی کیا تھا۔ اس وقت تو میں نے ایک بہانے سے آپ کو ٹال دیا تھا اصل رام کہانی اب گوش گزار کر رہا ہوں۔ نئی عینک ابھی ابھی خرید کر کے لا رہا ہوں۔ امید ہے آپ معاف فرمائیں گے۔

بقیہ صفحہ ۱۰

مسرتوں کے خیال کو دل سے نکال دے۔ میں تیری رحمت میں سرشار ہو کر باقی زندگی گذار دوں۔ اور دنیا کی بڑی سے بڑی خوشی بھی تیری عبادت کے راستے میں روک نہ بنے۔ اے خدا! مجھے دھتکار نہیں کہ اس دکھے دل کا تیرے سوا کوئی نہیں۔

وہ دیر تک سجدہ میں پڑا رو رو کر خدا کے حضور دعا کرتا رہا جب نماز پڑھکر اٹھا تو اس کا دل مطمئن تھا بیقراری کی بے پناہ موجیں ساکن ہو چکی تھیں۔ دماغی خلفشار مٹ کر سکون کا دور دورہ تھا۔ وہ مندرجہ ذیل شعر گنگناتا ہوا کھانا کھانے چلا گیا۔

بروز حشر مجھے اس کی شرم ہے احساںؔ
بقدر رحمت یزداں گناہ کر نہ سکا

سمیع اللہ قریشی

واردات

وسعتوں سے گذرتے رہے قافلے
رہگذاروں میں چلتے رہے کارواں
کوئی مل نہ سکا منزلوں کا نشاں
دھول اُڑتی رہی
بھورے ٹیلوں کے ذرّے چمکتے رہے
سامنے دُور ان پربتوں سے پرے
دل کی ٹھہری ہوئی جھیل کے دائرے
جال بُنتے رہے۔
عشق پیچاں کی الجھی ہوئی چلمنیں
زندگی کے کھنڈر پر لٹکتی رہیں
لیکن اس پر بھی کلیاں لہکتی رہیں
پھول کھلتے رہے۔
شام کے سرمئی دھندلکے چھا گئے
یوں اُبھرنے لگے لوحِ احساس پر
چند رنگین لمحات جن کا اثر
دل سے مٹ نہ سکا
کوئی کونج اپنی مجروح آواز میں
مرثیے ماتمی گیت گاتی رہی
اپنے ٹوٹے سے پر پھڑپھڑاتی رہی
جانے کس لئے
دور کھیتوں میں خمدار پگڈنڈیاں
مجھ کو کچھ دیر اُٹھ اُٹھ کے تکتی رہیں
مجھ پہ یونہی اشارہ دل میں ہنستی رہیں
اور پھر چھپ گئیں
میری پلکوں میں آنسو لرزتے رہے
میرے انفاس آہوں میں ڈھلتے رہے
میرے ارمان یونہی مچلتے رہے
کوئی آ نہ سکا

• —— •

محمود شیرانی

تصوّراتِ محمودؔ

جب سحر کی طلعتوں سے پردۂ شب چاک تھا
جب سیاہی سے بلند و پستِ عالم پاک تھا
کھیلتی تھی ہر کلی پر اوس جب بن کر حباب
حسن کی کیفیتوں میں غرق تھی جب کائنات
نغمہ زن تھا ہر طرف گلشن پہ جب ہلکا سا نُور
چھن رہا تھا آسماں سے ایک وجد آور سرور
کونپلوں کو چیرتی ٹھنڈی ہوا آتی تھی جب
زندگی میں زندگی کی لہر دوڑاتی تھی جب
یک بیک آیا نظر یوں ماہ پاروں کا ہجوم
جس طرح شاداب راتوں میں ستاروں کا ہجوم
ارغوانی آنچلوں میں ان کے چہرے نور پاش
گہرے گہرے بادلوں میں بجلیوں کا ارتعاش
صحنِ گلشن میں اداؤں سے قدم دھرتے ہوئے
صحنِ گلشن کو حریفِ تختِ جم کرتے ہوئے
دے گئے عہدِ گذشتہ کا وہ پیغامِ جمیل
کھیلتی تھی جس کی رعنائی سے موجِ سلسبیل
وہ حسیں منظر وہ نغمے یاد کر لیتا ہوں میں
دل کی دنیا اس طرح آباد کر لیتا ہوں میں

مطیع اللہ درد

احساسِ معصیّت

وہ آج خلافِ معمول غم کی لرزہ خیز گہرائیوں میں اپنے المناک تصور کے ساتھ سرد آہیں بھرتا ہوا واپس گھر آیا۔ نڈھال اور مضمحل سا اپنے کمرے میں چلا گیا۔ زندگی کی مانوس آوازوں سے بے پرواہ بے سُدھ سا چارپائی پر لیٹ کر کسی گہری سوچ میں کھو گیا۔ اس کا دل غیر معمولی جوش دکھا رہا تھا۔ وہ بے چینی اور بے قراری سے پہلو بدل بدل کر سو جانا چاہتا تھا مگر نیند اس سے کوسوں دُور تھی۔ وہ دن بھر بجد بے چین رہا تھا۔ اور اس وقت سونے کی سعیٔ رائیگاں میں مصروف تھا کہ اتنے میں مغرب کی اذان کی دلکش اور روح افزا آواز سنائی دی۔ اور وہ اس کے دلآویز اور خوش کن ترنّم سے محظوظ ہونے لگا۔

اچانک اس کے دل میں ایک خیال آیا۔ اور وہ اُٹھا۔ اندھیرے میں امید کی کرن نکلتے دیکھ کر بے اختیار ہو گیا۔ اور غیر ارادی طور پہ وضو کرنے کے بعد مغرب کی نماز میں اپنے مکمل تزین انہماک تخیل کے ساتھ مصروف ہو گیا۔ دل بھر کے رو دیا اور یہ دعا کی: "اے غفور الرحیم خدا! ایک گنہگار بندہ بارگاہِ ایزدی میں بارِ گناہ لئے ہوئے جھکتا ہے اس کا دل عبودیّت کے انتہائی جذبات سے لبریز اور اس کی آنکھیں اشکِ ندامت سے چھلک رہی ہیں وہ بصد عجز و نیاز سرکارِ عالی میں ملتجی ہے۔ کہ تو اس کے اس اعترافِ قصور کو اپنی رحمت کی چادر میں چھپا لے اس کا دل تیری بخشش کے حصول کے لئے بری طرح مچل رہا ہے۔ تو اسے سکون و اطمینان کی دولت سے مالا مال کر دے۔

میرے مالک! میں نے دنیوی لذّتوں کو حاصل کرنے کے لئے بڑے جتن کئے دنیا کے لوگوں سے محبت و اخلاص، ایثار و قربانی اور سچائی کے جذبات کا اظہار کر کے اپنی دنیا کو عارضی مسرتوں سے شاداب کرنا چاہا۔ مگر ہر چہار طرف سے اسے ناکامی و نامرادی کی پیہم تلخیوں سے دوچار ہونا پڑا۔ آج ایک لمبے تجربے کے بعد مجھے محسوس ہو رہا ہے کہ دنیا میں کوئی کسی کا نہیں ہوتا بنی نوعِ انسان سے آجکل خوش کن امیدیں وابستہ کرنا ایک ایسی غلطی ہے۔ جو ایک معصوم و نازک دل کو دائمی خلفشار سے ہمکنار کر دیتی ہے۔ میں اس غلطی کا مرتکب ہوا مجھے اعتراف ہے کہ میں نے ایسے انسانوں سے سنہری امیدیں وابستہ کیں۔ جو کہتے تھے۔ ع

"اک شوقِ تمنّا ہے سو ہم کرتے رہیں گے"

اس کی وجہ سے آج میری زندگی ناقابلِ برداشت حد تک تلخ ہو چکی ہے ہر وقت کی بے چینی و بے قراری مجھے جینے سے عاجز کر دی ہے میں نے ہر ممکن طریق سے مسرت و انبساط کی تلاش کی۔ مگر چند لمحوں کی خوشی کے بعد میری قسمت مجھے رنج و الم، بے رُخی، سرد مہری بیوفائی اور بے اعتنائی سے دوچار کرتی رہی۔ آج میرا دل دُنیا کے اس سرد رویہ کی وجہ سے خون کے آنسو رو رہا ہے۔ میرا سینہ زخموں سے چور ہے میرا ضمیر بیدار ہو کر مجھے کچوکے لگا رہا ہے۔ کہ او رذالے دنیا کا۔ سراب کو شراب سمجھ کر بھاگا پھر کیا تو جانتا نہ تھا کہ اصل محبت اور احترام کے قابل صرف خدائے قدوس کی ذات ہے حقیقی سکونِ نفس اور اطمینانِ قلب صرف اسی کی عبادت میں مل سکتا ہے۔ آج میرا دل بُری طرح نادم ہے۔ میں تیرے حضور التجا کرتا ہوں کہ تو میرے گناہوں کو بخش۔ اے مسکین نواز! تیری رحمت تو میری وسعتِ خیال سے بھی زیادہ ہے۔ تو مجھے اپنی آغوشِ رحمت میں جگہ دے۔ میرے اللہ! میرا دل جو عرصہ تک دُنیا کے پیچھے لگا رہا۔ آج تیری محبت کا جذبہ شدید طور پر محسوس کر رہا ہے تو اس کے دل سے دنیوی خواہشات کو بالکل مٹا دے اور ان کی بجائے اپنے عشق اور محبت کے عمیق جذبات سے اسے پُر کر دے۔ میرا دل دنیا کے لئے بالکل سرد کر دے۔ اور

غیر کے آگے مت جھکا میرے کریم تا ابد

اپنے سوا ہر ایک سے مجھ کو تو بے نیاز کر

میرے معبود! مجھے امید کامل ہے کہ ایک بھکاری تیری درگاہ سے ٹھکرایا نہ جائے گا۔ میں جانتا ہوں دردمندوں کا سہارا صرف تیری رحمت کی آغوش ہے مجھے اس میں جگہ دے۔ دنیا اور اس کی

محمد ذکریا طاہر

یہ انسان کہاں ہیں؟

اب دینِ محمد کے نگہبان کہاں ہیں
مذہب پہ جو قائم ہوں مسلمان کہاں ہیں؟
جو احمدِ مرسل کے لئے جان لڑا دیں،
دیں داد شجاعت کی، وہ سلطان کہاں ہیں؟
تلواروں کے سائے میں جو پڑھتے ہوں نمازیں
وہ لشکرِ احمد کے نگہبان کہاں ہیں؟
جو حق کے لئے قوتِ باطل سے نہ لرزیں
آئیں تو ذرا حافظِ قرآن کہاں ہیں؟
جو لوگ مئے عشقِ محمد سے تھے مخمور!
اسلام کے وارث وہ مسلمان کہاں ہیں؟
جن میں نہ عداوت نہ حسد بغض و کدورت
آ ہم کو بتا جا کہ وہ انسان کہاں ہیں؟

طاہر یہی حسرت ہے کہ ہم لوگ بھی دیکھیں
دنیا میں یہ قرآں کے نگہبان کہاں ہیں؟

سجاد ظہیر سبّ،

"گل"

موسمِ گل کی ہوائیں یہ کئی بار اسی شاخ پہ جھوما ہوگا!
موسمِ گل کی ہوا نے اسے کس پیار سے چوما ہوگا!
موسمِ گل کی ہوا
کب کی مگر جا بھی چکی!
سینکڑوں بار اسی پتے پہ شبنم کی پری
رقص کرتی ہوئی آئی ہوگی۔
سینکڑوں بار یہ برسات کی بوندوں میں نہایا ہوگا!
لیکن اب سوکھی ہوئی شاخ پہ خاموش ہے یہ،
کب تلک تیز ہواؤں کے تھپیڑوں کو سہے گا تنہا!
کب تلک ایسے رہے گا تنہا!
شام آئے گی تو بے درد ہوائیں آکر
ایک ہی پل میں مٹا ڈالیں گی
آخری عہدِ بہاراں کا یہ خاموش نشاں!

★

جمیل احمد خاں

گل و خار

راہ کے کانٹوں سے ڈر کر اپنی منزل کو نہ بھول ٭ کوئی تجھ کو دے رہا ہے دور سے آواز دیکھ!

منزل اور کانٹا تشریح طلب نہ سہی توصیف طلب ضرور ہیں مختلف نظریات، مختلف زاویے۔ کون کہے کون سیدھے راستہ پر ہے اور کون غلط پر۔ میرے نزدیک بس یوں سمجھ لیجئے۔ کہ اگر لاہور ایک منزل ہے تو اس کی پُرپیچ اور متعفن گلیاں کانٹے۔ اگر مجھ پر اعتبار نہیں تو کسی اور منچلے طالبعلم سے پوچھ لیجئے۔ کہ جب بھیگی رات میں وہ منزل پر پہونچنے کے لئے ایک تان "مُرے بلم آجا" کی لگاتا ہے۔ تو حکومت کی زنجیریں خار بن کر اسے چبھتی ہیں اور پھر نہ منزل باقی رہتی ہے اور نہ کانٹا۔ یہ تو ہے فکرِ انسانی جو کبھی غم سے آبدیدہ ہو کر موّاج سمندر کی تہوں میں موتی تلاش کرتا ہے اور کبھی خوشی سے پھولے نہ سما کر چاند ستاروں کو کسی بدبخت کے آنسوؤں سے تشبیہہ دیتا ہے۔

سنتے ہیں کسی زمانے میں جب لوگ پیدل سفر کیا کرتے تھے۔ منزل پر پہونچنے کے لئے انہیں دو عدد ٹانگوں اور تھوڑی سی عقل کی بھی ضرورت ہوتی تھی۔ اور پھر کمر ہمت باندھی۔ منزل کو دل سے لگایا اور خاروں کو دیکھتے ہوئے چل دیئے۔ مرہم پٹی تو منزل پر پہنچنے کے بعد ہی ہوا کرتی تھی۔ لیکن آج نہ وہ منزل ہے اور نہ کانٹے۔ نہ وہ عزم اور رنج جفاکشی اس گیس اور بھاپ کے دور میں اس کی چنداں ضرورت نہیں رہی یہاں تو اب مرہم پٹی پہلے ہو جاتی ہے اور منزل کا ٹکٹ بعد میں لیا جاتا ہے یہ اور بات ہے کہ جگہ حاصل کرنے کے لئے آپ کو آستین چڑھانا پڑے چنانچہ اس ترقی یافتہ زمانہ میں منزل طے کرنے کے لئے صرف دو عدد جوتوں اور چند عدد کپڑوں کی ضرورت ہوتی ہے۔ پھر خار اور کانٹے خود ہی راستہ چھوڑ کر دُم دبائے بھاگ جاتے ہیں۔ یا پھر ریل اور ہوائی جہاز تک ان بیچاروں کا گذر ہی نہیں ہوتا۔ رو دیئے ان کی قسمت پر اور ہنسیئے اپنی عقل پر کہ اب عزم اور منزل کی حقیقت کس قدر تبدیل ہو چکی ہے۔

منزل ڈھونڈنے کے لئے کچھ اتنی زیادہ کاوش کی ضرورت نہیں ذرا طبیعت میں ہیجان پیدا کیجئے۔ اور ہر بات میں بے چینی۔ نظروں میں دلکشی خود بخود آجائے گی۔ اور پھر ہر طرف منزل ہی منزل ہے جو راستہ چاہے اختیار کر لیجئے جس سمت دل چاہے جائیے لیکن ذرا نوکدار کانٹوں سے احتیاط لازم ہے کیونکہ یہ اکثر دامن پکڑ لیتے ہیں۔ جس طرح پھول بغیر کانٹے کے نہیں پائے جاتے بالکل اسی طرح منزل بغیر صعوبت اور تکلیف کے وجود نہیں رکھتی۔ ذرا عزم اور ہمت بلند رکھیئے اور "جہاں ڈوبے سفینہ ہم وہیں ساحل سمجھتے ہیں" پر کاربند رہیئے۔ پھر منزل آپ ہی کی ہے۔ منزل کے ہنستے کھیلتے لہلہاتے باغ آپ کی نظروں میں رقص کرنے لگیں گے۔ سکون شعار نسیم آپ سے اٹھکیلیاں کرے گی۔ کانوں میں کامیابی کی سریلی آوازیں آنا شروع ہو جائیں گی۔ کانٹے آپ پر ہنسیں گے قہقہہ لگائیں گے لیکن یاد رکھیئے آپ کی ذرا سی بے ہمتی آپ کو پھر اسی جگہ پر پہنچا دے گی جہاں سے آپ چلے تھے۔

دنیا ایک منزل ہے اور اس کی تمام آرزوئیں کانٹا۔ اسی منزل میں شاعر اپنے درد کا اظہار کرتا ہے ادیب اپنے غم کا افسانہ لکھتا ہے۔ غریب روٹی کے غم میں مجبوراً آنسو بہاتا ہے۔ بچہ پیدا ہوتا ہے روتا ہے۔ گرتا ہے۔ ٹھوکریں کھاتا ہے ان تمام تکالیف کے باوجود وہ اپنی منزل نہیں بھولتا۔ کوشش کئے جاتا ہے۔ ایک وقت ایسا بھی آتا ہے جب وہ ایک توانا اور تندرست انسان بن جاتا ہے۔ چاند مسافرت کے لئے نکلتا ہے گہن کے ظالم ہاتھ کبھی کبھی اس کو تاریکی کے عمیق غار میں دھکیل دیتے ہیں لیکن پھر بھی وہ منزل کو اپنی ضیابار نگاہوں میں لئے ہوئے وادیوں کانٹوں اور گلستانوں پر دلکشی نچھاور کرتا ہوا اپنی منزل حاصل کر ہی لیتا ہے۔ دریا۔ پتھروں اور زمین کی سختی کے مظالم اٹھاتے ہوئے نکلتے ہیں۔ راستہ میں لاکھوں دیواریں اور روڑے حائل ہوتے پر بھی راستہ بنا ہی لیتے ہیں۔ گویا کہ فطرت کی ودیعت کردہ نعمتوں میں سب سے افضل منزل ہے۔

ہو سکتا ہے باد صرصر کے تیز و تند جھونکے۔ موجوں کے خطرناک حوادث اسے منزل تک نہ پہنچنے دیں۔ چراغِ زندگی راستے ہی میں گل ہو جائے۔ عناصر کی ترتیب منتشر ہو کر انہیں میں گم ہو جائے۔ مگر اُس کا

تمنائیں محض خیال بن کر رہ جائیں۔ مگر اس کا لطف پوچھئے۔ ان لوگوں سے جنہوں نے منزل کی جستجو میں خاک چھانی ہو۔ درحقیقت منزل کا خیال بھی ایک سکون اور منزل ہے۔ ایسا سکون جس میں زخم۔ حوادث۔ طوفان اور درد مداخلت نہیں کر سکتے۔ اور نہ اُن کی وہاں تک رسائی ہی ہو سکتی ہے۔ ایک منزل کا متلاشی جب مجبور اور بے حس ہو کر تھک کے لیٹتا ہے۔ تو لرزتی ہوئی آوازیں یکلخت یہ الفاظ اس کی زبان سے نکلتے ہیں۔ ؎

خیالِ منزلِ مقصود خوب ہے لیکن
وہ کیا کرے جو تری رہگذر میں کھو جائے

بے پایاں مجبوریوں۔ تصورات اور خیالات کے ساتھ منزل کا ایک مسرت افزا جھونکا۔ تمام زخموں پہ مرہم رکھ دیتا ہے۔ کبھی فردوس کی سیر کراتا ہے کبھی منزل کی آغوش میں دے دیتا ہے اور کبھی منزل صرف چند قدموں کے فاصلے پر دکھاتا ہے۔ آنکھیں بند کئے ہوئے درد و غم سے بالکل بے نیاز ہو کر، بدمست و سرشار یہ اُسے کھینچتا ہے لپٹتا ہے اور پیار کرتا ہے۔

اب سوال یہ پیدا ہوتا ہے۔ کہ منزل کی راہ میں کانٹے ہوتے کیوں ہیں؟ کسی سائنسدان سے پوچھئے تو وہ مادّے پر بحث کریگا۔ کسی فلاسفر سے پوچھئے تو وہ کمال خواہش اس کی وجہ ٹھہرائے گا۔ کوئی کچھ کہے گا کوئی کچھ۔ مانئے یا نہ مانئے یہ آپ کا کام ہے لیکن یہ ضرور ہے کہ دُنیا کی ہر چیز اپنے تضاد کی مرہونِ منّت ہے۔ اگر رات نہ ہوتی تو دن کو کون جانتا۔ اگر جھوٹ نہ ہوتا تو سچ کی قدر نہ ہوتی۔ اور اگر خار نہ ہوتے تو منزل میں سرور و کیف نہ ہوتا۔ وجہ کچھ بھی ہو ہم کو تو اس ہستی کا احسان مند اور شکر گزار ہونا چاہیئے۔ جس نے منزل کی راہ میں کانٹے بکھیر کر ہم کو غم کے ساتھ ان مسرتوں سے لطف اندوز کیا۔

قائدِ اعظم کا ارشادِ گرامی

"میرا ایمان ہے کہ ہماری نجات اس اُسوۂ حسنہ پر چلنے میں ہے جو ہمیں قانون عطا کرنے والے پیغمبر اسلامؐ نے ہمارے لئے بنایا ہے۔ ہمیں چاہیئے۔ کہ ہم اپنی جمہوریت کی بنیادیں صحیح معنوں میں اسلامی تصوّرات اور اصولوں پر رکھیں۔"

(۱۴ر فروری ۴۷ء)

(حضرت میرزا بشیر الدین محمود احمد ایدہ اللہ تعالےٰ)

سچے مسلمان کیلئے غیرت کا مقام

کمیونزم نظام میں وہ شخص جس کے پیروں کی مَیل کے برابر بھی ہم دنیا کے بڑے سے بڑے بادشاہ کو نہیں سمجھتے۔ جس کے لئے ہم میں سے ہر شخص اپنی جان کو قربان کرنا اپنی انتہائی خوش بختی اور سعادت سمجھتا ہے یعنی حضرت محمد مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم۔ جو رات دن خدا کی باتیں سُنا کر بنی نوع انسان کی رُوح کو روشن کیا کرتے تھے اسی طرح مسیحؑ۔ موسیٰؑ۔ ابراہیمؑ.... یہ سب نعوذ باللہ نکمّے اور قوم پر بار تھے.... کمیونسٹ نظام تصویر بنانے کو کام قرار دیتا ہے وہ اسٹیچو بنانے کو کام قرار دیتا ہے مگر رُوح کی اصلاح کو کوئی کام قرار نہیں دیتا بلکہ اسے نکمّاپن سمجھتا ہے... میں دوسری دنیا کو نہیں جانتا مگر میں اپنے متعلق یہ کہہ سکتا ہوں کہ وہ نظام جس میں محمد رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کی جگہ نہیں، خدا کی قسم اس میں میری بھی جگہ نہیں ہم اسی ملک کو اپنا ملک اور اسی نظام کو اپنا نظام سمجھتے ہیں جس میں ان لوگوں کو پہلے جگہ ملے اور بعد میں ہمیں جگہ ملے۔ وہ ملک اگر محمد رسُول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کیلئے بند ہے۔ تو یقیناً ہر سچے مسلمان کے لئے بھی بند ہے۔"

(اسلام کا اقتصادی نظام ص۶۸ تا ۷۰)

تکلفی

دیکھتا چلا گیا

پانچ نومبر کی روشن رات کے ساڑھے سات بجنے کو تھے۔ یونیورسٹی ہال کے اندر کالجوں کے لاؤبالی طلباء۔ سرکاری ملازمین ریٹائرڈ افسران اور شاعر درجہ وار بیٹھے پہلو بدل رہے تھے۔ باہر کاروں کے ڈرائیور۔ پولیس کے چوکس سپاہی۔ کرایہ پر سائیکل رکھنے والے اور یونیورسٹی گیٹ کے رکھوالے ہر نئے آنے والے کو شاعر یا کسی بم پھینکنے والی پارٹی کا رکن سمجھ کر اس بری طرح گھور رہے تھے۔ کہ ان کی جبینیں عرقِ ندامت سے آلودہ ہوتی جا رہی تھیں۔ ان سب کے علاوہ مفت خوروں کی ایک بڑی تعداد بھی عموماً مختلف جگہوں پر اور خصوصاً اندر جانے والے دروازہ کے ارد گرد منڈلا رہی تھی۔ یہ لوگ فسٹ کلاس گرم سوٹ پہنے (جن کی جیبیں نقدی سے بالکل پاک صاف تھیں) اور میچنگ "ٹائیاں" لگائے دروازے کی سمت نشست باندھ کر کھڑے تھے۔ اور کسی کام کی غرض سے ہال سے باہر آتے ہوئے مشاعرے کے منتظمین سے مسکرا کر واقفیت جتلانے کی کوشش کرتے تھے۔ خدا خدا کر کے آٹھ بجے ہز ایکسی لینسی گورنر پنجاب چند افسران کی معیت میں یونیورسٹی ہال میں تشریف لائے اور ہال میں سردی کی بجائے گرمی کی لہر دوڑ گئی۔

مشاعرے میں ہر قسم کے شعراء تشریف لائے۔ مگر ان میں اکثریت ایسے اصحاب کی تھی جو محض ٹکٹ خریدنے کی کوفت سے بچنے کے لئے فی البدیہہ شاعر بن گئے تھے۔ جن شعراء کے نام اخبارات اور اشتہارات میں دیئے گئے تھے۔ وہ حسبِ معمول غیر حاضر تھے۔ نہ جانے کیوں؟ تکلفی چونکہ طلباء کی برادری سے تعلق رکھتا ہے۔ لہٰذا وہ صحافیوں کے حقوق اور دیگر نامہ نگاری مراعات سے محروم ہے۔ پھر بھی تکلفی نے تکلف برطرف رکھتے ہوئے ایک منتظم سے دریافت کیا۔ تو انکشاف ہوا۔ کہ شعراء کو تحریری طور پر مشاعرے میں حاضر ہونے کی دعوت نہیں دی گئی تھی۔ بلکہ اخبارات اور اشتہارات میں ناموں تک ہی پر اکتفا کیا گیا تھا۔ جن شعراء نے اپنا کلام سنایا۔ ان میں سے طرب لکھنوی۔ ظہیر کاشمیری۔ صوفی تبسم۔ صابری دہلوی اور زہرہ نگاہ کے نام قابلِ ذکر ہیں۔ زہرہ نگاہ کے علاوہ چند اور خاتون شاعرات بھی براجمان تھیں۔ مس زہرہ نگاہ نے اپنی سریلی آواز اور ترنم سے کلام سنا کر حاضرین سے خوب داد حاصل کی۔ اور حاضرین کے اصرار پر بار بار اسٹیج پر تشریف لائیں۔ ان کا ایک شعر یاد رہا ہے وہ سن لیجئے اور سر دھنیئے ؎

سُنانے کی خاطر بھلانے کی خاطر
کہیں ہم زمانے کو یاد آ نہ جائیں

المختصر وہی شعراء کامیاب رہے جنہوں نے ترنم سے کلام سنایا۔ حاضرین نے شعراء کی اکثریت کو "ہوٹنگ" سے خوب نوازا۔ شاعر حضرات کی تواضع کے لئے سگریٹوں اور پانوں کے یکے بعد دیگرے مشاعرہ کے اختتام تک دور چلتے رہے۔ تکلفی کو مشاعرہ کی گرماگرم مجلس اور طلباء کی بد ذوقی کو چھوڑ کر ایک خاص کام کی وجہ سے واپس آنا پڑا۔ اور تکلفی کے واپس آ جانے کے جلد ہی بعد مشاعرہ بخیریت تمام ختم ہوگیا۔ اور تماشبین ٹھٹھرتے ہوئے سائیکلوں پر اور پیادہ گھروں کو روانہ ہوگئے۔

تکلفی کی برادری اگر بُرا نہ مانے تو وہ انہیں مشورہ دے گا۔ کہ کم از کم ایسے سرکاری مشاعروں پر جو قومی ضروریات کے لئے منعقد کئے جائیں۔ آپ کی ہوٹنگ۔ پاؤں سے تالیاں اور بد ذوقی آپ کو زیب نہیں دیتی۔

اُردو پڑھیئے ★ اُردو لکھیئے ★ اُردو بولیئے

جنید ہاشمی بی۔ اے

حالی ایک نقاد کی حیثیت سے

مولانا حالی اردو کے پہلے باقاعدہ نقاد ہیں۔ نہ صرف عملی نقاد بلکہ انہوں نے اصول تنقید بھی وضع کئے۔ حالی سے قبل تنقید اپنی ابتدائی حالت میں تھی۔ بلکہ کسی نے سچ کہا ہے کہ اردو میں تنقید کا وجود صحیح معنوں میں تھا ہی نہیں۔ حالی کے زمانے سے قبل فارسی میں تنقید کا صرف ایک ہی میدان "تذکرہ نگاری" تھا جس میں صرف شعراء کا ذکر ہوتا تھا۔ نثر نگاروں کو چھوڑ دیا جاتا تھا۔ ایک تذکرہ نگار عموماً اپنی پسند کے بعض شاعروں کی زندگی کے مختصر حالات اور ان کے بعض اشعار پر مختصر سا تبصرہ اور پھر شعروں کا انتخاب دیتا تھا۔ ایسے تذکروں کی سب سے بڑی خصوصیت اختصار تھا۔ اور صرف چند ایک ایسے اشعار کا انتخاب کیا جاتا تھا جس سے شاعر کا نمایاں رنگ ظاہر ہو جائے۔ ظاہر ہے کہ "تذکرہ" تنقید کا قائم مقام نہیں بن سکتا تھا کیونکہ اس سے کسی شاعر کی شخصیت اور اسکا ذہنی رجحان اور اس کے فن کا ارتقاء واضح نہیں ہوتا تھا۔ تنقید میں نہ صرف شاعر اور شاعری کے تذکرہ کی ضرورت ہے بلکہ شعری اثرات کے تذکرہ کی ضرورت بھی ہوتی ہے۔ پرانی تنقید میں مختصر، محدود، سطحی اور کسی حد تک چھان پھٹک کی بجائے 'ذوق' کے اثرات ملتے ہیں۔ تذکرہ نگاری اصولی لحاظ سے محدود تھی۔ تذکرہ نگار محض شاعر کے خارجی خصائص کو سامنے رکھتے تھے۔ اسی طرح پرانے لوگوں نے زندگی اور ادب کے رابطہ کو سامنے نہیں رکھا۔ اس کے علاوہ انہوں نے اپنی تنقیدوں میں کسی خاص چیز کے اضافہ کرنے کا ذکر نہیں کیا۔ عام چلتی ہوئی۔ بکھری ہوئی باتیں بیان کر دیتے تھے۔

مولانا حالی پہلے آدمی ہیں جنہوں نے معین اصول تنقید کو سامنے رکھا ہے۔ وہ عملی نقاد تھے۔ حیات سعدی۔ یادگار غالب۔ اور حیات جاوید میں انہوں نے عملی تنقید کی ہے۔ انہوں نے بعض خود وضع کردہ تنقید کے طریقے مقرر اور استعمال کئے ہیں۔ مثلاً اول موازنہ ہے۔ یعنی ایک شاعر کے کلام کا دوسرے شاعر کے کلام سے تقابلی مطالعہ کرنا۔ دوم کسی شاعر سے متعلق از خود اپنا فیصلہ دینا کہ انفرادی طور پر وہ شاعر کیا کہتا ہے۔ اور کیسا کہتا ہے سوم کسی فن کار کے کلام کو پھیلا کر پیش کرنا۔ اور اس کا تجزیہ کرنا تاکہ قاری خود اس کے حسن و قبح کا فیصلہ کر سکے۔ وغیرہ۔ حالی نے زیادہ تر موازنہ سے کام لیا ہے۔ مثلاً غالب کی نثر کا مقابلہ ظہوری سے۔ اور نظم کا مقابلہ حافظ۔ عرفی اور نظامی سے کیا ہے۔ حالی ایک خوش ذوق شخص تھے۔ شعر سمجھنے کا مادہ ان کی فطرت میں ودیعت تھا۔ کسی نے خوب کہا ہے "وہ حالی ہیں نہ کہ قالی"

ذوقی لحاظ سے مولانا حالی کی تنقید بے عیب ہے۔ صحیح خوش ذوقی کی یہ علامت ہے کہ جس چیز کو زیادہ سے زیادہ انسانی فطرت قبول کرے۔ اور اس کی پسند کے موافق ہو۔ اس کا انتخاب کرے۔

کلیم الدین احمد نے لکھا ہے کہ

"مولانا حالی کے خیالات ماخوذ۔ واقفیت محدود اور نظر سطحی اور فہم و ادراک معمولی۔ غور و خوض ناکافی۔ تمیز ادنیٰ۔ اور دماغ و شخصیت اوسط یہ تھی حالی کی کائنات"

ان میں سے اگرچہ بعض باتیں درست ہیں۔ بے شک ان کی واقفیت معمولی تھی۔ اور محدود تھی۔ لیکن اس سے کون انکار کرے گا کہ اولیت کے لحاظ سے یہ مولانا حالی ہی تھے جنہوں نے تنقید کے جدید اصولوں کے راستوں سے آشنا کیا۔ اس اعتبار سے ان کا مقدمہ شعر و شاعری۔ ارسطو کی "بوطیقا" کی طرح ہمیشہ زندہ رہے گا۔

"مقدمہ شعر و شاعری" میں وضع شدہ اصول ادب کی بعض بنیادی باتوں سے واقفیت کا ثبوت دیتے ہیں۔ ادب پر تنقید کرنے کے لئے لازم ہے کہ ایک نقاد فن لطیف کی ماہیت سے واقف ہو۔ اور اس کی سب سے بڑی روح جمالیات سے واقفیت ضروری ہے۔ حالی نے ادب کو بطور فن لطیف کے دیکھنے کی کوشش نہیں کی۔ بلکہ ادب کا صرف مجلسی اور اجتماعی

پہلو سامنے رکھا ہے۔ مثلاً مقدمہ میں فرماتے ہیں۔ "کہ شاعری شائستگی سے بھی ترقی کر سکتی ہے۔" مولانا حالی شاعری کو ایک تربیت کی چیز سمجھتے ہیں۔ اور اسے صناعتی اور فرمائشی قرار دیتے ہیں۔ اور اس کا ڈانڈا اخلاق سے ملاتے ہیں۔

موجودہ تصوّرات کے لحاظ سے شاعری ایک وہبی وصف ہے نہ کہ بقول مولانا حالی یہ ایک اکتسابی میکانکی اور تدریسی چیز ہے شاعری جذبۂ داخلی کا اظہارِ بے ساختہ ہے۔ لیکن مولانا حالی نے "شاعری کی اصلاح" کی طرف توجہ دی ہے۔ غزل میں اصلاح کی جو تجاویز حالی نے پیش کی ہیں۔ وہ قابلِ قدر ضرور ہیں۔ لیکن وہ ادب کی ماہیت کو سامنے رکھکر پیش نہیں کی گئیں۔ بلکہ حالاتِ زمانہ کے مطابق قومی تقاضوں کے ماتحت کہی گئی ہیں۔ روایتی مضامین اپنا اثر جلد کھو بیٹھتے ہیں۔ انہوں نے اپنے زمانہ کی مقصدیت کے ماتحت اصلاحات پیش کی تھیں۔ جو اصولِ شعر کے خلاف تھیں۔ شعر کے لئے وزن اور قافیہ کی بحث محض علمی مباحث ہیں۔ اسی طرح لفظ اور معانی کی افضلیت کی بحث ہے۔ در اصل لفظ اور معانی کو الگ الگ کر کے دیکھنا بھی ایک غلط سی بات ہے۔ لیکن باوجود اس کے یہ ایک ناقابلِ انکار حقیقت ہے کہ حالی سب سے پہلے شخص ہیں جنہوں نے سائنٹفک بحثوں کو اردو نثر میں کامیابی کے ساتھ ادا کیا ہے۔

حالی نے نہ صرف اردو شاعری کو جدید راہوں سے آشنا کیا ہے۔ بلکہ وہ اردو تنقید کے مجتہد بھی ہیں۔ اور وہ پہلے شخص ہیں جنہوں نے تنقید نگاری میں مغربی اصولِ فن کو رواج دیا ہے۔ اور اُردو تنقید نگاری کو تذکرہ نگاری کی سطح سے بلند کر کے ایک علمی اور تحقیقی فن کی صورت دی ہے۔ وہ افراط و تفریط کے قائل نہیں بلکہ اپنے اسی دھیماپن اور سنجیدگی کے ساتھ بغیر دبرنا کی اور نشتر زنی کے اپنی جچی تلی رائے دیتے چلے جاتے ہیں۔ کہا جا سکتا ہے کہ حالی تنقید میں اردو کے ڈرائیڈن (Dryden) ہیں۔

محنت کلیدِ کامیابی ہے

عبدالباسط وحید

"چند لمحے ٹیپو سلطان کے مزار پر"

السّلام اے گوشۂ آرام گاہِ حیدری!

السّلام اے قصرِ شاہی جو کہ یوں برباد ہے
چھائی رہتی ہے یہاں خاموشئ ماتم کناں
سطوتِ خوابیدۂ ٹیپوؒ کی یہ روداد ہے

ملتِ اسلام کی شمعِ فروزاں ہے یہاں
سو رہا ہے اس جگہ پر ایک فخرِ روزگار
فخرِ ملت۔ شیرِ دکن۔ نازشِ اہلِ وطن
ہے اسی ٹیپوؒ شہیدِ قوم و ملت کا مزار

گونج اٹھتی ہے یہاں اللہ اکبر کی صدا
اور ملتا ہے مسلمانوں کو پیغامِ سجود
رحمتِ باری کے بادل چھائے رہتے ہیں یہاں
اور تری تُربت پہ ہوتا ہے ملائک کا ورود

آہ غدّاروں کی غدّاری سے کیا کچھ ہوگیا
بچ سکا آخر نہ ٹیپو بھی فرنگی چال سے
یاد ہے خدّامِ ملت کو مگر تیرا پیام
"شیر یک روزہ ہے بہتر گلۂ صد سالہ سے"

الوداع! رُوحِ مجاہد اے نشانِ حیدری
الوداع! اے عظمتِ اسلام کے نام و نشاں
دیکھ لے اُٹھ کر کہ تیری حسرتیں پوری ہوئیں
قیدِ افرنگی سے ہے آزاد پھر اب مسلماں ★

ROSE BLOOMS SOFT

The rose blooms soft,
And the rose blooms fair;
Now the summer has come

The birds sweetly sing,
And the message they bring
Is: "Come, soul, awake
And of beauty partake."

The rose blooms soft,
And the rose blooms fair;
And the laughter has come
With her merriest air.

The trees and flowers
Make of earth just a bower,
Where blessings from heaven
Seem falling in showers,
While the rose blooms soft,
And the rose blooms fair.

—N. M. NAZ SIDDIQI.

contained in the discharge tube. Their mass was very nearly the same as the mass of the atoms from which they were obtained.

In the light of the above experiments Thomson thought that the atom was made up of a relatively large positive part to which were attached the negative electrons making it electrically neutral. For the time being it was a good picture of the atom but it threw no light upon the structure of the positive part.

—H. U. KHAN, M. Sc.

SMILE A WHILE

Clerk : " Sir, my wife wishes me to take the afternoon off for shopping."

Manager : " Impossible."

Clerk : " Thank you, Sir."

" Why is it that you fat fellows are always good natured ? "

" You see, we can't either fight or run."

" Now class ", said the teacher, "Can you tell me one of the uses of cowhide ? "

" Sure," piped up the customary voice from the back of the room.

" It keeps the cow together."

A worried lady drove a rather battered car into a garage, " Do you think you can fix these front fenders so that my husband won't know I banged them up ? ", she inquired anxiously. The experienced garage-man said, 'We can't do that today, but we can fix them so that you can ask him tomorrow what he did to them."

Boss : We are very modern here. Everything here is run by electricity.

Employee : Yes ! I quite believe it. Even the wages gave me a shock.

According to him atoms of the same element were identical in all respects, particularly in weight, but differed from those of other elements, and that all chemical reactions were really reactions between these atoms.

For about one hundred years the scientists thought of the atom in that way. Then discoveries were made which blew the idea of solid, indivisible atom sky high. Towards the close of the 19th century Sir William Crooks made an important discovery. He was studying the behaviour of an electric discharge through rarefied gas. He fixed two electric terminals at the end of a closed glass tube and pumped out all air from it to create a high vacuum. Then he connected the terminals to a source of high voltage and noticed a visible discharge coming from the nagative terminal called the cathode. He called the discharge cathode rays. Sir J. J. Thomson, another English Physicist, studied these rays in greater detail. He found that the rays travelled in straight lines and that they could be deflected from their straight path in a magnet or by applying an electric field across them. This proved that the rays consisted of bits of matter which were negatively charged. Because of their electrical nature they were called electrons. These electrons constituting the cathode rays could have been formed either by the breaking of atoms of the gas under high electric pressure or from the material of the cathode itself. Thomson passed the discharge through different gases and used electrodes of different material. Still he found that the nature of the particles was always the same. He was, therefore, led to the conclusion that these electrons were a common constituent of all atoms. This also proved that an atom was divisible and that it had a structure involving electrons.

Measuring the charge and the mass of an electron was not an easy job. The scientific skill of Robert Millikan and others, however, overcame the difficulty. It was shown that an electron carried one unit of negative electricity and had a mass equal to 1/1854 of the mass of the lightest atom, hydrogen. This mass is so small that it can scarcely be comprehended. Put down a decimal point, then 27 zeros, and then the figure 9. This gives the mass of an electron in grams*. A layman is liable to call it a mere fancy but it is absolutely correct. These tiny little electrons, so insignificant in mass, are not insignificant in their own field. They are capable of doing a lot of things. In a discharge tube they boil out of the cathode with tremendous velocities and can give us a television picture. When they stream through a wire they constitute an electric current and about 6 billion billion pass through an ordinary 100-watt electric bulb each second. Within the atom they bounce back and forth and produce light, X-rays or other radiations When we burn coal, the carbon atom of the coal and the oxygen atom of the air join together and a reshuffle of the electronic family occurs. This rearrangement of the electrons gives us heat and light. As a matter of fact electrons are involved in all chemical reactions, whether it be the digestion of an egg or the detonation of a TNT bomb. Incidentally it may be remarked here that when an atomic bomb goes off, nothing of this sort happens. The electrons have nothing to do with an atomic explosion.

